## سوال

رات کا زیادہ حصہ منیٰ میں بسر کیا جائے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو شخص بارہ بجے تک رات کا وقفہ منیٰ میں گزارے اور پھر طلوع فجر کے بعد مکہ میں داخل ہو تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر بارہ بجے منیٰ میں آدھی رات کا وقت ہو تو پھر اس کے بعد منیٰ سے باہر نکلنے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ رات دن منیٰ میں رہنا افضل ہے اور اگر بارہ بجے کا وقت آدھی رات سے پہلے ہو تو پھر منیٰ سے باہر نہیں نکلنا چاہیے کیونکہ منیٰ میں رات بسر کرنے کے لیے ضروری ہے کہ رات کا زیادہ حصہ منیٰ ہی میں بسر کیا جائے جیسا کہ ہمارے فقہاء نے ذکر فرمایا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل : صفحہ451